ابتدائی سائنس
تیسری جماعت کے لیے
90°N
40°N
Latitude
20°N
10°N
90°W
Longitude
Equator
40°W
20°W
10°W
0°
سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو، سندھ

اِبتدائی سائنس
تیسری جماعت کے لیے
سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ، جام شورو
پبلشرز:
نفیس اکیڈمی
اردو بازار، کراچی

تیار کردہ : سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو۔

منظور کردہ محکمۂ تعلیم صوبۂ سندھ بطور واحد درسی کتاب برائے مدارس صوبۂ سندھ

## مصنّفین و مترجّمین

- ڈاکٹر عبدالحئی سومرو
- ابوالقاسم شیخ
- رانجھو خاں زرداری
- غلام رسول چنّا
- عبدالغفّار میمن
- فضل ربّی
- فخرالدّین بلوچ
- ضامن عبّاس نقوی

مُدیر

ابوالقاسم شیخ

نظرِ ثانی : ہدایت اللہ شیخ

داریوش کافی

مطبوعہ : کیف گرافکس۔ کراچی۔

# فہرستِ مَضامین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# جانور

## جانوروں کے لیے غذا ضروری ہے۔

### جانور جاندار ہیں۔

زندہ رہنے کے لیے انھیں غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔

سانپ چوہے کھاتا ہے۔

گائے گھاس کھاتی ہے۔

چھپکلی کیڑے مکوڑے کھاتی ہے۔

بڑی مچھلی چھوٹی مچھلیوں کو کھاتی ہے۔

### اگر کسی جانور کو غذا نہ ملے تو کیا ہوگا؟

انسان کو زندہ رہنے کے لیے صاف، تازہ اور متوازن غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔

# جانوروں کے لیے پانی ضروری ہے۔

جانور جاندار ہیں۔

زندہ رہنے کے لیے انھیں پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

- اگر آپ بہت دیر تک پانی نہ پییں تو کیا محسوس کریں گے؟
- اگر کسی جانور کو پانی نہ ملے تو کیا ہوگا؟
- کیا کچھ ایسے بھی جانور ہیں جو پانی بالکل نہیں پیتے؟

# جانوروں کے لیے ہَوا ضروری ہے۔

ہم ناک سے سانس لیتے ہیں۔

## جانور جاندار ہیں۔

زندہ رہنے کے لیے انھیں ہَوا کی ضرورت ہوتی ہے۔

مچھلی گلپھڑوں سے سانس لیتی ہے۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ جانور کس سے سانس لیتے ہیں؟

گائے۔ چڑیا۔ مینڈک

انسان کو زندہ رہنے کے لیے صاف پانی اور تازہ ہوا کی ضرورت ہوتی ہے۔

**جانوروں کو زندہ رہنے کے لیے غذا، پانی اور ہَوا کی ضرورت ہوتی ہے**

# جانوروں کی کھال

پھول پر بیٹھی ہوئی تتلی آسانی سے
کیوں نہیں دکھائی دیتی ؟

طوطے کا رنگ ہرا ہے۔
اس کا ہرا رنگ اسے
دشمن سے بچاتا ہے۔

ہرن کے جسم پر دھبے ہوتے ہیں۔
یہ دھبے دار کھال اس کی کس طرح
حفاظت کرتی ہے ؟

گرگٹ جب ہری ٹہنی سے بھورے تنے پر
جاتا ہے تو اپنا رنگ بدل لیتا ہے۔ گرگٹ کو
اس سے کیا فائدہ ہوتا ہے ؟

یہ برفانی علاقے میں رہتا ہے۔

یہ سفید اور لمبے بال، اِس جانور کی کس طرح حفاظت کرتے ہیں؟

**جانوروں کی کھال اُن کے ماحول کے مطابق ہوتی ہے**

# پرندے

یہ حیوانات ہیں۔

یہ **پرندے** کہلاتے ہیں۔

آپ نے بہت سے پرندے دیکھے ہیں۔

کیا آپ چند پرندوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

کیا آپ نے پرندوں کو اُڑتے دیکھا ہے؟

وہ کس چیز کی مدد سے اُڑتے ہیں؟

پرندوں کے کتنے بازو ہوتے ہیں؟

پرندوں کی کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں؟

پرندوں کے جسم پر کیا ہوتا ہے؟

- تمام پرندوں کے دو بازو ہوتے ہیں۔
- تمام پرندوں کی دو ٹانگیں ہوتی ہیں
- تمام پرندوں کا جسم پَردار ہوتا ہے۔

**تمام پرندوں کا جسم پَردار ہوتا ہے اُن کے دو بازو اور دو ٹانگیں ہوتی ہیں**

# کِیڑے

یہ حیوانات ہیں۔

یہ کِیڑے [illegible]

کیا آپ چند کیڑوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

یہ ایک چیونٹی کی تصویر ہے۔

اِس کی کتنی ٹانگیں ہیں؟ اِس کے کتنے حاسّے ہیں؟

تمام کیڑوں کی چھ ٹانگیں اور دو حاسّے ہوتے ہیں اور اُن کے جسم کے تین حصّے ہوتے ہیں: سَر، دَھڑ اور پیٹ

# مَمالیہ

یہ حیوانات ہیں۔

اِن کو مَمالیہ [illegible]

[illegible]

اِن کے جسم پر کیا ہوتا ہے؟

اِن کے جسم پر بال ہوتے ہیں۔

وہ جانور جن کے جسم پر بال ہوتے ہیں۔

کیا آپ دوسرے ممالیہ جانوروں کے نام بتا سکتے ہیں؟

**تمام ممالیہ کے جسم پر بال ہوتے ہیں اور یہ اپنے بچّوں کو دُودھ پلاتے ہیں**

۱- اِن میں پرندے کون سے ہیں ؟

۲- اِن میں کیڑے کون سے ہیں ؟

۳- اِن میں ممالیہ کون سے ہیں ؟

# پودے

## پَودوں کے حصّے :

یہ پَودے ہیں۔

پتے

تنا

جڑ

پودے کے کون سے حصّے زمین کی سطح سے اُوپر ہوتے ہیں ؟

پودے کا کون سا حصّہ زمین کی سطح سے نیچے ہوتا ہے ؟

**اکثر پودوں میں • جڑیں • تنا • پتّے ہوتے ہیں**

# پودوں کی نشوونما

## پودے جاندار ہیں۔

انھیں پھلنے پھولنے کے لیے مٹی، پانی، ہوا اور روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پودوں کو **مٹّی** کی ضرورت ہوتی ہے۔
ان کی جڑیں مٹی میں ہوتی ہیں۔
پودوں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔
یہ مٹی سے پانی حاصل کرتے ہیں۔

پودوں کو پانی نہ ملے تو کیا ہوگا؟

پودوں کو روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پودوں کے بڑھنے کے لیے روشنی ضروری ہے۔

پودوں کو روشنی نہ ملے تو کیا ہوگا؟

پودوں کو ہوا کی ضرورت
ہوتی ہے۔

پودے سانس لیتے ہیں۔

پودوں کو ہوا نہ ملے تو
کیا ہوگا؟

اکثر پودوں کو نشوونما کے لیے مٹی، پانی، ہوا اور روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔

# پھول، پھل اور بیج

کیا آپ جانتے ہیں کہ پودے کے کس حصے سے پھل پیدا ہوتا ہے ؟

کیا آپ نے پپیتا کھایا ہے ؟

پپیتے کو کاٹنے پر اس میں سے کیا نکلتا ہے ؟

**پھولوں سے پھل اور بیج پیدا ہوتے ہیں**

# فصلیں اور موسم

ہم سال میں مختلف فصلیں اُگاتے ہیں۔

بعض فصلیں صرف گرمیوں میں بوئی جاتی ہیں۔

انھیں **خرِیف** کی فصل کہتے ہیں۔

کیا آپ خریف کی دوسری فصلوں کے نام جانتے ہیں؟

بعض فصلیں سردیوں میں اُگتی ہیں۔

[illegible] ربیع [illegible]

گندم اور سرسوں ربیع کی فصلیں ہیں۔

کیا آپ ربیع کی دوسری فصلوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

**مختلف فصلیں مختلف موسموں میں اُگائی جاتی ہیں**

# مادّہ

آپ نے بہت سی چیزیں دیکھی ہیں۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کون سا سکّہ زیادہ وزنی ہے؟
آپ کس طرح معلوم کرسکتے ہیں کہ بہنے والی چیزیں بھی وزن رکھتی ہیں؟
کیا آپ کو کسی ایسی چیز کا علم ہے جو وزن نہ رکھتی ہو؟
کیا ہوا وزن رکھتی ہے؟

طرف جھک گیا ہے۔ اب کون سا غبارا بھاری ہے؟
یہ کیوں بھاری ہے؟

ہوا بھی وزن رکھتی ہے۔

**تمام مادّی اشیاء وزن رکھتی ہیں**

## کیا ہوا جگہ گھیرتی ہے ؟

ایک خالی گلاس لیں.

اُسے پانی سے بھرے ہوئے ایک برتن میں اُلٹا دیں.

پانی گلاس میں کیوں نہیں داخل ہوتا ؟

کیا گلاس میں کوئی شے موجود ہے ؟

ہوا جگہ گھیرتی ہے.

## کیا ریت جگہ گھیرتی ہے ؟

ایک خالی گلاس لیں.

اسے مُنہ تک ریت سے بھر دیں.

کیا آپ اِس گلاس میں اور بھی ریت ڈال سکتے ہیں ؟

## کیا پانی جگہ گھیرتا ہے ؟

ایک گلاس کو پانی سے لبالب بھر لیں.

کیا آپ گلاس میں اور بھی پانی ڈال سکتے ہیں ؟

**ہر وہ چیز جو جگہ گھیرتی ہے اور وزن رکھتی ہے، مادّہ کہلاتی ہے**

# مادّے کی حالتیں

ٹھوس

مائع

گیس

میں کون سی چیزیں ٹھوس ہیں، کون سی مائع اور کون سی گیس؟

## مادّہ تین حالتوں میں پایا جاتا ہے: ٹھوس، مائع اور گیس

کیا آپ مادّے کی حالت تبدیل کر سکتے ہیں؟

تھوڑا سا موم لیں اور اسے گرم کریں۔

[illegible]

مائع موم میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

کیا آپ آئس کریم، مکھن اور گھی کو مائع حالت میں رکھ سکتے ہیں؟

## ٹھوس کو مائع میں تبدیل کیا جا سکتا ہے

آپ جب پانی کو ابالتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟

[illegible]

بھاپ گیس ہے۔

## مائع کو گیس میں تبدیل کیا جا سکتا ہے

سامنے دی ہوئی شکل کے مطابق گلاس کو کیتلی کی ٹونٹی کے قریب لے جائیں۔

بھاپ مائع میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

ایک امتحانی نلی میں تھوڑا سا پانی لیں۔

[illegible]

[illegible] نلی کے پانی میں یہ تبدیلی ہوئی؟

آپ دیکھیں گے کہ :

مائع پانی ٹھوس برف میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

پس آپ کو معلوم ہوا کہ :

**ٹھوس**، مائع میں تبدیل ہو سکتا ہے۔

**مائع**، گیس میں تبدیل ہو سکتا ہے۔

**گیس**، مائع میں تبدیل ہو سکتی ہے۔

**مائع**، ٹھوس میں تبدیل ہو سکتا ہے۔

**مادّہ ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہو سکتا ہے**

# پانی

## پانی کی حالتیں:

دریا میں پانی کس حالت میں پایا جاتا ہے؟

یہ تصویر دیکھیں۔

پہاڑ کی چوٹی پر آپ کو کیا نظر آ رہا ہے ؟

کیا پانی قدرتی طور پر بُخارات کی شکل میں ملتا ہے ؟

آپ خود اس کا پتا چلا سکتے ہیں۔

اب گلاس کی بیرونی سطح دیکھیں۔

پانی قدرتی طور پر تینوں حالتوں میں پایا جاتا ہے : برف، پانی اور آبی بُخارات

# پانی حاصل کرنے کے ذرائع

کنواں

جھیل

دریا

بارش

سمندر

ہم پانی کنوؤں، دریاؤں، جھیل [illegible] سمندر سے حاصل کر

**پانی حاصل کرنے کے بہت سے ذرائع ہیں**

# پانی کا استعمال

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ پانی ہمارے لیے کس طرح مفید ہے ؟

پانی ہمارے بہت کام آتا ہے۔

ہم کھانا پکانے کے لیے بھی پانی استعمال کرتے ہیں۔

جانوروں کو بھی پانی کی ضرورت ہے۔

**کیا آپ پانی کے کچھ اور استعمال بتا سکتے ہیں ؟**

پودوں کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

**پانی انسان، جانور اور پودوں کے لیے ضروری ہے**

# ہوا

آپ جانتے ہیں کہ ہوا بھی مادی شے ہے۔

وزن رکھتی ہے۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ہوا ہمارے کس کام

آتی ہے ؟

ہم ہوا میں سانس لیتے ہیں۔

ہوا انسان، حیوان اور پودوں کے لیے ضروری ہے

# قوّت

[illegible] قوت ضروری ہے۔ چیزوں میں حرکت پیدا کرنے کے لیے بھی قوّت ضروری ہے۔

یہ تصویریں دیکھیں۔

کشتی کو کون سی قوت حرکت دے رہی ہے؟

پتّوں کو کون سی قوّت اُڑا رہی ہے؟

یہ چلتی ہوا کی قوّت ہے

کاغذ کی ایک پھرکی بنائیں۔

اسے ہوا کے رُخ پر رکھیں۔ دیکھیں کیا ہوتا ہے؟

[illegible]

کیا اب بھی یہ گھومتی ہے؟

[illegible]

پھرکی کو کون سی قوت گھما رہی ہے؟

[illegible]

چلائی جاتی ہیں

## کیا بہتا ہوا پانی چیزوں کو حرکت دے سکتا ہے؟

[illegible]

[illegible]

پیدا ہوتی ہے۔

**چلتی ہوئی ہوا اور بہتے ہوئے پانی کی قوت سے چیزوں کو حرکت دی جا سکتی ہے**

ہم کھیل، روزمرہ زندگی میں چیزوں کو حرکت دیتے ہیں [illegible]

تب ہم اپنے عضلات کی قوت استعمال کرتے ہیں

جانور بھی چیزوں کو حرکت دینے کے لیے اپنے عضلات کی قوت

استعمال کرتے ہیں۔

آپ جانتے ہیں کہ موٹر کاریں، ریل گاڑیاں، بحری جہاز اور ہوائی جہاز

اپنے انجن کی قوت سے چلتے ہیں۔

انسانی عُضلات کی قوّت، حیوانی عُضلات کی قوّت اور انجن کی قوّت

چیزوں کو حرکت دینے کے لیے اِستعمال کی جاتی ہے

# قوّتِ ثِقل

کائنات میں اور بھی قوّتیں موجود ہیں اب آپ ایک بڑی دلچسپ اور انوکھی قوّت کے بارے میں پڑھیں گے۔

آپ نے کبھی گیند یا پتّھر کو ہَوا میں اُچھالا ہوگا۔ گیند کو ہَوا میں اُچھالنے کے بعد کیا ہوتا ہے؟ یہ نیچے آتی ہے۔

آپ جانتے ہیں کہ بغیر سہارے کے تمام چیزیں زمین پر گر پڑتی ہیں۔

کیا کوئی قوّت اِن چیزوں کو زمین کی طرف کھینچتی ہے؟

کیا آپ کو یاد ہے جب آپ کسی درخت کی شاخ سے یا کسی سیڑھی کے ڈنڈے سے یا چارپائی کے پائے سے لٹک کر جھولے تھے۔

لٹکنے میں ایسا لگتا ہے جیسے کوئی قوّت آپ کو نیچے کی طرف کھینچ رہی ہو۔

اگر آپ ہاتھ چھوڑ دیں تو کیا ہوگا؟

شاید آپ یہ سوچ رہے ہیں کہ ضرور کوئی قوّت چیزوں کو زمین کی طرف کھینچتی ہے۔

ایک بار پھر
اسے اپنی پوری قوّت سے لڑھکائیں۔

کون سی قوّت گیند کی حرکت کو روکتی ہے؟

یہ رگڑ کی قوّت ہے جو حرکت کو روکتی ہے۔
چکنی سطحوں کے درمیان رگڑ کم ہوتی ہے۔

**رگڑ کی قوّت حرکت کو روکتی ہے**

اگر رگڑ کی قوّت بالکل ہی ختم ہو جائے تو کیا ہوگا؟
کیا لڑھکتی ہوئی گیند بھی رکے گی؟

**ساکن جسم ساکن ہی رہتا ہے اور متحرک جسم متحرک ہی رہتا ہے جب تک کہ اس پر کوئی قوّت عمل نہ کرے**

# حرارت

آپ جانتے ہیں کہ حرارت کے بہت سے استعمال ہیں۔

جب کسی چیز کو حرارت پہنچاتے ہیں تو کیا ہوتا ہے ؟

یہ آپ خود معلوم کر سکتے ہیں۔

ایک بڑی پن سے ایک سرے کو اپنے ہاتھ میں پکڑیں۔

پن کے دوسرے سرے کو موم بتی کے شعلے پر رکھیں۔

کچھ دیر انتظار کریں۔

اب آپ کو کیا محسوس ہو رہا ہے ؟

کیا یہ گرم ہو رہی ہے ؟

اگر آپ پن کو زیادہ دیر تک شعلے کے اوپر رکھیں گے تو یہ اتنی گرم ہو جائے گی کہ اسے پکڑنا مشکل ہو جائے گا۔

کسی جسم کی تپش اُس کے درجۂ حرارت سے ظاہر کی جاتی ہے۔

چیزوں کا درجۂ حرارت معلوم کرنے کے لیے تھرمامیٹر استعمال کرتے ہیں۔

ایک تھرمامیٹر لیں ۔ اسے ٹھنڈے پانی میں رکھیں اس کا درجۂ حرارت پڑھیں۔ اب اسے گرم پانی میں ڈالیں۔ اس کا

# روشنی

آپ سایوں کی شکل، لمبائی اور سمت کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ آپ نے کبھی سوچا ہے
کہ سائے کیوں اور کیسے بنتے ہیں ؟

یہ تصویر دیکھیں.

روشنی ایک موم بتی سے نکل رہی ہے.

آپ دیکھ سکتے ہیں کہ:

## روشنی کے خطِ مُستَقیم میں سفر کرنے سے سائے بنتے ہیں

## جاندار وں کو زندہ رہنے کے لیے حرارت کی ضرورت ہے

بہت سے حیوانات کے جسم پر

کیا آپ ایسے جانوروں کے نام بتا سکتے ہیں
جن کے جسم اُون سے یا پروں سے ڈھکے نہیں ہوتے
اور وہ اپنے جسموں کو سردی سے بچانے کے لیے
زمین کے اندر بلوں میں چھپ جاتے ہیں؟

زندہ رہنے کے لیے پودوں کو بھی
حرارت کی ضرورت ہے۔

گرمیوں میں انھیں سورج سے ملنے والی حرارت ملتی ہے تو نئے نئے پتے نکالتے ہیں اور وہ پھول اور پھلوں سے لد جاتے ہیں۔

موسم گرما میں

روشنی بھی انسان، جانور اور پودوں کے لیے ضروری ہے۔

کیا ہم روشنی کے بغیر کام کاج کر سکتے ہیں ؟

کیا ہم اندھیرے میں پڑھ سکتے ہیں ؟

روشنی کے ذریعے ہم چیزوں کو دیکھتے ہیں

**حرارت اور روشنی انسان، جانور اور پودوں کے لیے ضروری ہے**

# زمین اور کائنات

آپ خود اس کا پتا لگا سکتے ہیں.

چکنی مٹی

اب غور سے مشاہدہ کریں.

پانی کی سطح پر تیر رہا ہے.

ہیومس

# پتّھر

مختلف پتّھر جمع کریں۔

ان پتّھروں کے رنگ اور ان کی شکل کا نقشہ بنا کریں۔

کیا سب پتھروں کا رنگ ایک جیسا ہے ؟

پتھروں کو چھو کر دیکھیں۔

کیا کچھ پتھروں کی سطح چکنی اور کچھ کی کھردری ہے ؟

[illegible]

کیا سب پتھر آسانی سے ٹوٹ جاتے ہیں ؟

بعض پتھر آسانی سے نہیں ٹوٹتے۔

پتھر مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

**پتھر مختلف رنگ، مختلف شکل اور مختلف سختی کے ہوتے ہیں**

اب چاند کی یہ تصویر دیکھیں

یہ چاند کی سطح کی تصویر ہے۔

[illegible]

[illegible]

اس پر بڑے گڑھے اور نوکیلی چٹانیں بھی دکھائی دے رہی ہیں۔

یہ آدمی چاند پر کھڑا ہے۔

یہ پہاڑی جگہ ہے یا میدان ؟

پہاڑ کہاں ہے ؟

چاند کی سطح پر میدان، پہاڑیاں، گہرے گڑھے
اور نوکیلی چٹانیں ہیں

آپ جانتے ہیں کہ سورج مشرق
سے نکلتا ہے.
اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ
چڑھتا جاتا ہے۔

صبح کے وقت

دوپہر کے وقت

شام کے وقت

دوپہر کے وقت سورج آسمان پر
کہاں ہوتا ہے ؟
شام کے وقت کہاں ہوتا ہے ؟

آپ دیکھتے ہیں کہ وقت کے ساتھ ساتھ
آسمان پر سورج کا مقام بدلتا رہتا ہے۔
سورج مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں ڈوبتا ہے۔

یہ آپ کیسے معلوم کریں گے؟

بدلتا ہے۔

رات کو آسمان پر ستارے چمکتے
[illegible]
چھوٹے نظر آتے ہیں۔

## کیا یہ سچ مچ

تنے ہی چھوٹے ہوتے ہیں ؟

قریب کی بتی میں اور دور کی بتی میں آپ کو کیا فرق دکھائی دیتا ہے ؟

... کم روشن دکھائی دیتا ہے۔

اسی طرح قریب کے ستارے اور بڑے ستارے زیادہ روشن دکھائی
دیتے ہیں۔ دُور کے ستارے اور چھوٹے ستارے کم روشن دکھائی

بعض ستارے زیادہ روشن اور
بعض ستارے کم روشن دکھائی دیتے ہیں

# صحّت اور صفائی

## اچھّی صحّت کے خوراک کے اجزاء

| گوشت | دودھ | دالیں | سبزیاں | پھل |
|---|---|---|---|---|

## صحّت کے لیے مُضِر اشیاء

| گندا پانی | ناقِص غذا | سگریٹ نوشی | دھواں |
|---|---|---|---|

صاف سُتھرا ماحول

۱۔ اگر آپ گندا پانی پیئیں گے تو کیا ہوگا ؟

۲۔ اگر اچھی خوراک نہ کھائیں گے تو کیا ہوگا ؟

۳۔ اگر تمباکو نوشی سے پرہیز نہ کریں گے تو کیا ہوگا ؟

۴۔ اگر آپ مُضرِ صحّت اشیاء کھائیں گے تو کیا ہوگا ؟

۵۔ اگر کھیل کود میں حصّہ نہ لیں گے تو کیا ہوگا ؟

تیار کردہ: سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو، سندھ
منظور کردہ: محکمۂ تعلیم بطور واحد نصابی کتاب برائے مدارس صوبۂ سندھ
قومی کمیٹی برائے جائزہ کتب نصاب کی تصحیح شدہ

## قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد کشورِ حسین شاد باد
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام قوّتِ اُخوّتِ عوام
قوم، ملک، سلطنت پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مراد

پرچمِ ستارہ و ہلال رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خدائے ذوالجلال



| کوڈ نمبر: ایس۔ٹی۔بی ۱۴ | | سیریل نمبر | 3717 |
|---|---|---|---|
| تاریخ اشاعت | ایڈیشن | تعداد | قیمت |
| مارچ 1998 | اوّل | 30,000 | Rs. 12.65 |